1

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماہنامہ

# میثاق

رحمانپورہ، اچھرہ، لاہور

تاریخ 10.1.62.

حوالہ ________

عزیزی! سلمہٗ ربہٗ

ایک مدت دراز کے بعد تمہارا خط پاکر مجھے جو خوشی ہوئی ہے جو حضرت یعقوب
پیراہن یوسف کو دیکھنے سے ہوئی ہوگی۔ میں اپنے گھر والوں سے تمہاری خیریت معلوم کرنے کے لئے بہت
بے چین رہا ہوں۔ اور تمہارے لئے نمازوں کے اوقات میں اکثر دعائیں بھی کرتا رہا ہوں۔ میرے لڑکے
ساتھ تمہاری محبت ہر سال میں بڑھتی جاتی ہے۔ اور تمہاری یہ مستقل جدائی میرے لئے ایک مستقل غم بن
رہ گئی ہے۔ لیکن میں اس کو فیصلہ تقدیر سمجھتا ہوں اس وجہ سے اس کے خلاف کوئی حرف شکایت
زبان پر نہیں لاتا۔

میری اولاد میں سے تنہا تم ہی ایک ایسے ہو کہ جس کے لئے مجھے ہر پہلو سے پریشانی
ہے۔ باقی جو تمہارے بھائی بہن ہیں وہ خدا کے فضل سے ہر اعتبار سے کامیاب اور خوش ہیں۔
کے لئے میں اگر کوئی دعا کرتا ہوں تو صرف یہ کہ اللہ تعالیٰ ان کے اندر اپنے دین کا شوق بھی پیدا کرے۔ لیکن
تمہارے لئے میں ہر پہلو سے اللہ کی رحمت اور اس کی عنایت مانگتا ہوں۔ اور امید رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ
تمہارے معاملہ میں میری پریشانیوں کو دور فرمائیں گے۔

تمہارے خط سے جس پریشانی بلکہ مایوسی کا اظہار ہو رہا ہے اس سے
کو اور تمہاری امی کو بڑا صدمہ ہوا۔ سب سے زیادہ قلق اس بات کا ہے کہ اس صورت حال
میں ہم تمہاری کوئی دلداری نہیں کر سکتے۔ لیکن عزیز من دل برداشتہ اور مایوس نہ ہو۔ خدا
ساتھ ہے اس سے ہر معاملہ میں مدد چاہو وہ تمہاری مدد کرے گا۔ بس شرط یہ ہے کہ
کا دامن مضبوطی سے پکڑو اور مشکلات اور حالات سے گھبرا کر ہمت نہ ہارو۔ اس بات
مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ تم نے نماز کی پابندی اختیار کر لی ہے۔ اگر تم اس پر مضبوطی سے
جمے رہے تو ان شاء اللہ یہ تمام مشکلات کی کلید ہے۔

P.T.O.

وہاں اب عزیزوں میں مشیر سلمہٗ کے سوا کون ہے جس سے میں کوئی امید
کر سکوں۔ خدا کرے وہ اپنے بھائی اور اپنے بھتیجوں کو اس طرح رکھ سکیں جس طرح

ہمارے خاندان کی روایات رہی ہیں۔ اپنی عدم موجودگی کی صورت میں تمہارے ماموں اور سلطان کے،
بچوں کے لئے میں امی کو سرپرست سمجھتا ہوں۔ اور تمہیں بہرحال ان کے حقوق کا لحاظ اور
احترام کرنا چاہئے۔ تم ان کو اور ان کے بیوی بچوں کو میری طرف سے اور اپنی امی کی طرف سے
بہت بہت سلام پہنچا دو [illegible] ہو۔ اس لئے کہ تمہارا
اس خط نے گھر کو اور تمہاری امی کو بہت پریشان کر دیا ہے۔ عزیزی سعید ان دنوں کراچی میں
ایڈمنسٹریشن کا امتحان دے رہا ہے۔ شاید فروری میں آئے۔ شمیما سلمہا کا پتہ نیچے
درج ہے۔

C/o
Noman Shibli
XEN
WAPDA
Nishatabad,
LYALLPUR

"میثاق" نکل گیا ہے اور تمہارے اس نئے پتہ پر بھیجا جا رہا ہے۔

دعاگو
اسرار احمد

عزیزہ سلمہا چند دنوں کے لئے اپنے آپا کے پاس لائل پور گئی ہوئی ہے۔